چھینکنے کی دعا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اس کو الحَمْدُ لِلَّهِ کہنا چاہیے۔ سننے والے کو جواب میں يَرْحَمُكَ اللَّهُ کہنا چاہیے جس کے جواب میں چھینکنے والے کو يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ کہنا چاہیے (بخاری)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جب چھینک آئے تو ہاتھ یا کپڑے سے منہ کو چھپا لینا چاہیے اور چھینک کی آواز اسی میں دبا دینی چاہیے۔ (ابو داود و ترمذی)

سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص نے ایک مرتبہ چھینکا تو آپ نے فرمایا يَرْحَمُكَ اللَّهُ لیکن تیسری مرتبہ آپ نے فرمایا کہ تم کو زکام ہو گیا ہے (ترمذی)